قدیم ہند آریائی دور میں مدھیہ پر دیش(Midland) کہا جانے والا مرکزی علاقہ متھرا (ترپر دیش) کے علاقہ شورسین میں بولی جانے والی شورسینی پراکرت سے جنم لینے والی شورسینی اپ بھرنش سامنے آتی ہے۔ وسطی ہند آریائی یا مغربی ہندی سے جنم لینے والی اس اپ بھرنش کو اردو کی ابتدا کے حوالے سے بھی خاصی اہمیت حاصل رہی ہے۔ مرزا خلیل احمد بیگ لکھتے ہیں،'' ۱۰۰۰ء کے بعد اس (شورسینی اپ بھرنش) کے بطن سے کھڑی بولی، راجستھانی، پنجابی (مشرقی)، اور گجراتی زبانیں پیدا ہوئیں۔''

(۱۱) ہریانوی یا بانگرو:

مغربی ہندی کے بطن سے جنم لینے والی دیگر پانچ بولیوں کو بھی انتہائی اہمیت حاصل رہی ہے جن میں ہریانوی یا بانگرو، برج بھاشا، بندیلی، قنوجی اور ہندوستانی کا ارتقاء بھی شور سینی سے ہوا ہے۔ اول الذکر دو زبانوں کا اردو کے ارتقاء سے بھی گہرا تعلق بتایا جاتا ہے۔ ان پانچ زبانوں سے متعلق ڈاکٹر محی الدین زور قادری اپنی کتاب 'ہندوستانی لسانیات میں لکھتے ہیں،''اس (مغربی ہندی) کی اہم قسمیں پانچ ہیں۔ ا۔ برج بھاشا، وہ بولی ہے جو بریلی، علی گڑھ، آگرہ، متھرا، دھولپور اور کرولی کے اطراف و اکناف رائج ہے۔۲۔ قنوجی، جو بالائی دوآبہ میں برج بھاشا علاقہ کے مشرق میں بولی جاتی ہے۔۳۔ بندیلی، بندیل کھنڈ اور وسط ہند کے علاقوں میں رائج ہے۔۴۔ بانگرو یا ہریانی، جو جنوب مشرق پنجاب میں بولی جاتی ہے۔۵۔ ہندوستانی، جو برج بھاشا علاقے کے شمال میں انبالہ سے رامپور تک بولی جاتی ہے اس کو کھڑی بولی اور ہندی بھی کہتے ہیں۔'' (۱۲) وہ مزید لکھتے ہیں،''اردو پر بانگرو یا ہریانی زبان کا بھی قابل لحاظ اثر ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ زبان دہلی کے شمال مغرب میں انبالہ کے اطراف اس علاقے میں بولی جاتی ہے جو پنجاب سے دہلی آتے ہوئے راستے میں واقع ہے۔'' (۱۳) حافظ محمود شیرانی اپنی کتاب' پنجاب میں اردو' کے مقدمہ میں لکھتے ہیں،'' کہا جاتا ہے کہ مغربی ہندی، جس کے برج بھاشا، ہریانی، راجستھانی، پنجابی اور اردو شاخیں ہیں، قدیم پراکرت سوراسینی کی یادگار ہے۔'' (۱۴) بیشتر علمائے لسانیات کا کہنا ہے کہ دہلی اور نواح دہلی میں بولی جانے والی زبان ہی دراصل ہریانوی ہے، جسے اردو کی تشکیل وترویج میں بھی خاصہ مقام حاصل رہا ہے۔ یہ بات ہر شخص بخوبی جانتا ہے کہ شہر دہلی چار بولیوں کے سنگم پر واقع ہے جن میں ہریانوی، کھڑی بولی، برج بھاشا اور میواتی بہت اہم ہیں۔ دہلی کے شمال مغرب میں بولی جانے والی ہریانوی کہلاتی ہے، پروفیسر مسعود حسین خان اپنی تصنیف' مقدمہ، تاریخ زبان اردو' میں لکھتے ہیں۔''قدیم اردو جمنا پار کی ہریانی بولی سے قریب تر تھی۔''

(۱۵) وہ مزید لکھتے ہیں،''قدیم اردو کی تشکیل براہِ راست ہریانی کے زیر اثر ہوئی ہے۔ اس پر رفتہ رفتہ کھڑی بولی کے اثرات پڑتے ہیں۔'' (۱۶) ڈاکٹر عمران اختر اپنے مقالے میں لکھتے ہیں،'' ہریانوی با قاعدہ ایک زبان ہے جو فرہنگ، ضرب المثل، محاورات، ذخیرہ الفاظ، ادب صرفی ونحوی قواعد، صوتی علامات ونظام اور معنوی قوانین رکھتی ہے جبکہ اس کے دیگر علاقائی لہجے روہتکی، رانگڑی، میواتی، راجپوتی، اور رویواڑی سمیت دیگر لہجوں کا نہ تو صوتی وحرفی نظام ہے اور نہ کوئی باقاعدہ رسم الخط یا حروف تہجی۔'' (۱۷) مذکورہ بالا علماء و محققین لسانیات کے فرمودات کی روشنی میں دیکھا جائے تو جہاں یہ کہا جاتا ہے کہ اردو ہندوستان میں مسلمانوں کی آمد یعنی ۱۱۹۳ء سے ارتقا حاصل کرتی ہے اور اس ارتقاء میں اردو پر ہریانوی زبان کے اثرات براہ راست مرتب ہوتے ہیں تو یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ ہریانوی یقیناً اردو سے ہزار ہا سال قدیم رہی ہوگی جس نے جدید زبان کو اس درجہ متاثر کیا کہ موجودہ دور کی مقبول ترین زبان کے طور پر سامنے آئی ہے۔ رسم الخط: حروف ہجا کے ایک باضابطہ نظام کو رسم الخط کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ ہم بخوبی جانتے ہیں کہ ہر ترقی یافتہ زبان کی دو شکلیں ہوتی ہیں، ایک تکلمی یا تقریری اور دوسری تحریری۔ تکلمی یا تقریری شکل بنیادی حیثیت کی حامل رہی ہے۔ چونکہ ابتداً انسان نے بولنا اور بات کرنا سیکھا اور مابعد اپنی بات چیت کو تحریری شکل میں منتقل کرنے کے لیے اسے حیطہ تحریر میں لانے کی کوششوں کا آغاز ہوا۔ کسی بھی زبان کی تحریری شکل اسے لکھنے کے طریقے پر مبنی ہوتی ہے جو اس زبان کا رسم الخط کہلاتا ہے۔ یہ کہنا چنداں دشوار رہا ہے کہ سب سے پہلے کونسا رسم الخط ایجاد ہوا یا سب سے پہلے کس طریقہ تحریر کو اپنایا گیا۔ البتہ اہل مغرب کے ہاں ایک نظریہ رائج ہے کہ قدیم زمانے میں فنیقیہ کے باشندے لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ یورپ میں فن

تحریر انہی سے پھیلا۔ چونکہ ان لوگوں کے پاس یونانی حروف تھے اور انہی یونانی حروف سے رومن حروف تیار کر لیے گئے اور یوں رومن رسم الخط ایجاد ہو گیا۔ اہل مشرق کے ہاں اے اے میکڈانل کی تصنیف 'ویدک گرامر فار اسٹوڈینٹس' کو بنیاد بنا کر یہ تصور رواج پا گیا ہے کہ برصغیر (پاک بھارت) میں فن تحریر ۶۰۰ ق۔م۔ میں ایجاد ہوا۔ یہ سب باتیں فرضی اور اٹکل ہی ہیں جن میں ثبوت کے طور پر کچھ خاص پیش رفت نہیں ہو پائی ہے۔ جس طرح یہ کہنا امر محال ہے کہ سب سے پہلے کونسی زبان ایجاد ہوئی یا انسان نے سب سے پہلے کونسی زبان میں بات کرنا سیکھا، بالکل اسی طرح یہ بات بھی وثوق سے نہیں کہی جا سکتی کہ کونسا رسم الخط سب سے پہلے معرض وجود میں آیا۔ ہر چند کہ دنیا میں مختلف زبانوں کے لیے متعدد رسوم خط رائج ہیں جن کے ذریعے ان زبانوں کی ترجمانی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ معتبر علماء کی موجودگی میں راقم یہاں رائج الوقت اور قدیم رسوم ہائے خط پر بے جا بحث کرنا وقت کا زیاں سمجھتا ہے ان تمام باتوں سے قطع نظر ہمیں یاں ہریانوی رسم الخط اور نظام ہجا یا حروف تہجی سے متعلق بات کرنا ہے۔ پاکستان میں رائج خط نستعلیق جسے بالخصوص اردو لکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو جس نے مختلف مسائل سے گزر کر موجودہ دور میں وہ صورت اختیار کر لی ہے کہ جسے آسانی لکھا اور پڑھا جا سکتا ہے۔ اس وقت اردو عالمی زبانوں کی فہرست میں ایک نمایاں مقام رکھتی ہے اور عالمی سطح پر اس کے دو رسم الخط رائج ہیں

:ا۔ عربی فارسی رسم الخط جسے خطِ نستعلیق بھی کہا جاتا ہے۔

۲۔ دیوناگری رسم الخط۔ یہ بات ہم سبھی جانتے ہیں کہ خطِ نستعلیق پاکستان میں کسی طور بھی اجنبی نہیں ہے اور سرزمین پاک میں بھرپور طریقے سے پڑھا اور لکھا جا رہا ہے۔ اسی طرح ہندوستان میں دیوناگری رسم الخط بھی کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔ ہندی، اردو، ہریانوی اور معتدد زبانوں کو ضابطہ تحریر میں لانے کے لیے ہندوستان میں دیوناگری رسم الخط میں ضروری ترامیم و اضافتوں کے ساتھ اس کو باقاعدہ طور پر اپنا لیا گیا ہے اور ان زبانوں کے بولنے والے اپنی زبانوں کو اس رسم الخط میں لکھتے چلے آ رہے ہیں۔ بعینہ پاکستان میں بھی اردو کے علاوہ پنجابی، ہندکو، سرائیکی اور دیگر متعدد زبانوں کے لیے نستعلیق رسم الخط باقاعدہ طور پر اپنا لیا گیا ہے۔ پنجابی زبان کے ساتھ بھی یہی معاملہ ہے کہ پاکستان میں اس کے لیے وہی رسم الخط مستعمل ہے جس میں اردو لکھی جا رہی ہے۔ (یعنی نستعلیق میں) جبکہ بھارت میں یہی پنجابی گورمکھی رسم الخط میں لکھی جا رہی ہے، یعنی ایک زبان ایک ہی عہد میں دو بالکل مختلف رسم الخطوں میں لکھی، پڑھی اور سمجھی جا رہی ہے اور اس ضمن میں نہ تو کوئی الجھن پیدا ہو رہی ہے اور نہ پریشانی۔ 'ہریانوی' جسے اردو کی ابتدائی شکل اور اردو پر براہِ راست اثر انداز ہونے ولی زبان ہونے کا درجہ دیئے جانے کے باوجود بھی کیا وجہ ہے کہ اسے پاکستان میں ایک رسم الخط دے کر زبان کا درجہ نہیں دیا جا رہا۔ حالآنکہ موجودہ دور میں ہریانوی بولنے والوں کی آبادی پاکستان کے طول وعرض میں ہر صوبے میں موجود ہے اور باقاعد شعری و نثری ادب بھی تخلیق پا رہا ہے۔ اگر چہ ہریانوی میں موجود دو یا تین حروف کو بھی اسی طرح ڈھالا جا سکتا ہے جس طرح اردو لکھنے کے لیے عربی اور فارسی کے حروف میں نقطوں اور علامات کی اضافت سے نیا رسم الخط بنا لیا گیا اور اب عالمی سطح پر اردو کو لکھا، بولا اور پڑھا جا رہا ہے۔ یا جس طرح سندھی لکھنے کے لے قدیم طریقہ تحریر کو عربی رسم الخط میں ڈھالنے کے لیے حروف میں علامات کی ترامیم و اضافت سے ایک نیا اور موثر رسم الخط رائج کر لیا گیا ہے۔ جس میں ادبی حوالے سے روز افزوں اضافہ ہو رہا ہے اور ہزار ہا کتب منظر عام پر آ چکی ہیں۔ تو کیا سبب ہے کہ ہریانوی رسم الخط بھی روایتی ترامیم کے ساتھ رائج کرتے ہوئے قدیم و جدید ادب کو اس رسم الخط میں منتقل نہ کر لیا جا سکے۔ (بقیہ اگلی قسط میں)

ہریانوی زبان وادب

احمد سجاد بابر

یہ ایک لسانی حقیقت ہے کہ ہر زبان اولاً محض ایک ''بولی'' (Dialect) ہوتی ہے جس کا دائرہ اثر ورسوخ ایک چھوٹے سے علاقے یا خطے تک محدود ہوتا ہے۔ جب یہی بولی بعض ناگزیر اسباب اور تقاضوں کے تحت جن میں سیاسی، سماجی اور تہذیبی وثقافتی تقاضے شامل ہیں، اہم اور مقتدر بن جاتی ہے اور اس کا چلن عام ہو جاتا ہے یہ اپنی علاقائی حد بندیوں کو توڑ کر دور دراز کے علاقوں میں اپنا سکہ جمانے لگتی ہے تو ''زبان'' کہلاتی ہے۔ پھر اس کا استعمال ادبی نیز دیگر مقاصد کے لیے ہونے لگتا ہے اور اس کی معیار بندی (Standardisation) بھی عمل میں آتی ہے جس سے یہ ترقی یافتہ زبان کے مرتبے تک پہنچ جاتی ہے۔ ہریانوی کا لفظ صوبہ ''ہریانہ'' کی نسبت سے رائج ہوا جو کہ ہندوستان کے شمال مغرب میں واقع ہے۔ اسے یکم نومبر 1966 کو صوبے کا درجہ ملا اس سے پہلے یہ مشرقی پنجاب کا حصہ تھا، 1912 میں انگریزوں نے پنجاب کے 29 اضلاع بنا کر ان کو پانچ ڈویژنوں میں تقسیم کردیا، ہریانہ کے اضلاع (گڑ گاؤں، رہتک، حصار، کرنال، انبالہ، شملہ) کو ملا کر انبالہ ڈویژن بنادیا، جھجر اور سرسہ کے اضلاع ختم کر کے انہیں رہتک اور حصار میں بانٹ دیا (رہتک 1824 میں ضلع بنا تھا۔ اس وقت ہریانہ کے 22 اضلاع اور 93 تحصیل ہیں (پہلے اکیس اضلاع تھے مگر بعد میں چرخی دادری کے ضلع بننے سے 22 ہو گئے)، گھگر ندی اسے پنجاب سے الگ کرتی ہے۔ اگر چہ لسانی اعتبار سے دہلی ہریانوی بولی کی حدود میں واقع ہے، لیکن ہریانوی بنیادی طور دہلی کے شمال مغربی علاقے کی بولی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مسعود حسین خاں قدیم اردو کی تشکیل میں کھڑی بولی کے روپ ہریانوی کا بھی ہاتھ بتاتے ہیں۔ کھڑی بولی یا ہریانوی کا براہِ راست تعلق شور سینی اپ بھرنش یا مغربی اپ بھرنش (اپ بھرنش کی ایک شاخ جو مغربی علاقے کی زبان تھی، یعنی مغربی ہندی) سے ہے جو وسطی ہند آریائی دور (500 قبلِ مسیح تا 1000 سنہِ عیسوی) کی آخری یادگار ہے۔ (آریا آنے کے بعد پراکرت نے جنم لیا، جس کا مطلب ہے پرائے لوگوں کی زبان، آریہ اسے جاہل لوگوں کی زبان کہتے تھے، اپ بھرنش عوامی زبان تھی، اس میں گیت لکھے جاتے تھے، یہ پراکرت کی ترقی یافتہ شکل تھی،) شور سینی اپ بھرنش (مغربی اپ بھرنش)بشمولِ دہلی اور پنجاب شمالی ہندوستان کے ایک وسیع علاقے میں رائج تھی۔ 1000 سنہِ عیسوی تک پہنچتے پہنچتے اس نے دم توڑ دیا اور اس کے بطن سے متعدد بولیاں معرضِ وجود میں جو آئیں جو انھیں علاقوں میں رائج ہوئیں جہاں شور سینی اپ بھرنش بولی جاتی تھی۔ انھیں بولیوں میں سے ایک بولی ''کھڑی بولی، ہریانوی'' کہلائی جس کا ارتقا دہلی اور دہلی کے شمال مشرقی علاقے یعنی مغربی اتر پردیس (مغربی یو پی) میں ہوا جس نے بعد میں نکھر کر ایک نیا روپ اختیار کرلیا۔ کھڑی بولی کا یہی نیا اور نکھرا ہوا روپ ''ہندی'' اور ''ہندوی'' کہلایا جو ہماری آج ''اردو'' کے قدیم نام ہیں۔ اردو کی تشکیل ہریانوی کی گود میں ہوئی، اس نظریے کی تائید مسعود حسین خان نے بھی کی۔ مسعود حسین خاں کے نظریہ سے کئی ماہر لسانیات نے اتفاق کیا۔ ان میں سہیل بخاری' گیان چند جین' مرزا خلیل احمد بیگ اور انصار اللہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان تمام ماہرین نے اردو اور کھڑی بولی کے رشتہ کو تفصیل سے پیش کیا ہے۔

ہریانہ میں وہ حصہ جو ضلع کرنال اور دہلی پر مشتمل ہے اور جمنا کے مشرقی

کنارے پر واقع ہے ''کھادر'' کہلاتا ہے جبکہ باقی علاقہ جس میں رہتک ، نصف دادری ، ریاست نابھہ ، سرسہ، حصار، بھوانی وغیرہ پر مشتمل ہے ''بانگر یا بالگڑ'' کہلاتا ہے۔تمام علاقے میں ایک ہی زبان ذرا سے تغیر کے ساتھ بولی جاتی تھی مگر وہ ایک علاقے میں ''ہریانی'' کہلائی دوسرے میں '' بانگڑ / بانگر و'' کہلائی ۔ ہریانوی ، جاٹو ، بانگرو (بانگڑو)، کھڑی بولی اصل میں ایک ہی زبان کے نام ہیں ۔اسی طرح میوات میں گڑگاؤں اور فرید آباد کے اضلاع شامل تھے ۔ کرنال، پنچولہ، انبالہ، کورکھیشتر کے اضلاع مل کر نزدک کا علاقہ بناتے تھے۔کھڑی بولی یا ہریانوی ''الف'' پر ختم ہوتی ہیں جبکہ برج بھاشا کے زیادہ تر الفاظ ''واؤ'' پر ختم ہوتے ہیں، جیسے ''بڑو، آئیو، گیئو وغیرہ'' اسی نسبت سے اسے پڑی بولی بھی کہتے ہیں۔انسائیکلوپیڈیا پاکستانیکا، مرتبہ سید قاسم محمود، میں ہریانوی زبان کے بارے میں کچھ یوں درج ہے۔'' ایک زبان جو پنجاب کے اضلاع انبالہ ، کرنال ، رہتک ، حصار، گوڑگاؤں اورریاست جیند میں بولی جاتی ہے ۔''اسی طرح معروف محقق اور ماہرِ لسانیت حافظ محمود شیرانی اپنی تصنیف '' پنجاب میں اردو'' میں ہریانی زبان کی لسانی حدود کا تعین یوں کرتے ہیں ۔'' ہریانوی زبان کی حدود میں ضلع حصار، رہتک ، ہانسی ، بھوانی ، دادری ، ریاست دوجانہ، میم ، کلانور، کرنال ، ریاست نابھہ ، ریاست پٹیالہ کا کچھ حصہ وغیرہ شامل تھے۔ضلع کرنال کے علاقہ پر جمنا پار کے اضلاع سہارن پور اور میرٹھ کا لہجہ غالب تھا جو اردو کے قریب تر تھا، اسی طرح ضلع گڑگاؤں کی سرحد میوات سے ملتی تھی اور خود گوڑ گاؤں میں میواتی بھی آباد تھے، اس وجہ سے یہاں ہریانوی پر میواتی کے اثرات غالب تھے ۔کاہنور اور نگانہ، پھری ، پھر بھی ان کے لہجوں میں فرق تھا ، تحصیل ہانسی کے علاقوں کی زبان ٹھوس ہریانی تھی ۔'' کیریرسن نے اپنے لسانی سروے میں مغربی ہندی کی پانچ بولیا ں گنوائیں ، جن میں سے ہریانی ایک ہے، جسے بانگڑو یا جاٹو کا نام بھی دیا۔لیکن اگر تمام زبانوں کا بغور جائزہ لیا جائے تو ثابت ہوتا ہے کہ برج بھاشا، کھڑی بولی ، ہریانوی، ایک ہی زبان کے نام ہیں۔انبالہ اور پٹیالہ کی کھڑی بولی کے لہجہ میں پنجابی کی جھلک ہے کیونکہ ان اضلاع سے پنجاب کی سرحد شروع ہوجاتی ہے۔ ہریانوی کے چند قواعد

☆ہریانوی میں نون غنہ کا استعمال زیادہ ہوتا ہے۔ جیسے '' سے کے بجائے سیں'' اسی طرح ''تُو کی بجائے توں'' وغیرہ

☆ہریانوی میں جمع متکلم ''ہم'' آتا ہے۔اسی طرح اشارہ کی ضمیریں ہریانی میں ''یو، اِس'' رائج ہیں۔اگر شیخ محبوب عالم کے محشر نامہ کو دیکھیں تو اشارہ کی ضمیریں ''یہ، وے، اِس، اِن، یو، تیں، توں'' ملتی ہیں۔ ہریانوی میں '' نے'' علامتِ فاعل بھی ہے اور علامتِ مفعول بھی جب کہ اردو میں یہ صرف علامتِ فاعل ہے وہ بھی صرف ''متعدی'' افعال جملہ دیکھئے

☆من نے سانپ مار یا ------اسی طرح -------ماسٹر نے من نے مار یا وغیرہ

☆ہریانوی میں ڑ کی جگہ ڈ کا استعمال زیادہ ہے ۔--ملاوجہی نے رس اور قطب مشتری میں پڑھنے کی ہ پڈھنے ، چھوڑ کی جگہ چھوڈ ، بڑا کو بڈا ، چڑھنا کو چڈھنا لکھا ہے۔

☆ہریانوی میں جمع بنانے کے لئے ''وں'' کی بجائے '' آں'' استعمال کرتے

ہیں جیسے کتاب سے کتابوں کی بجائے کتاباں ٹکر سے ٹکروں کی بجائے ٹکراں، غریباں، راتاں، باتاں، لاتاں وہ غیرہ۔ض مطلق بنانے کیلئے الف کی بجائے ''یا'' لگاتے ہیں۔ جیسے مارنا سے مارا کی بجائے ماریا، کہنا سے کہا کی کہیا، چلانا سے چلا کی بجائے چالیاوغیرہ۔

☆ ہریانوی میں الفاظ کو مشدد کر دیا جاتا ہے جیسے سونا کی جگہ سوتا اور سُونا کی بجائے سُنّا، الاڈو کی بجائے لاڈّو، شادی کی بجائے شادّی، گوڈا کی بجائے'' گوڈّا'' وغیرہ۔

☆ ہریانوی میں درمیان کی ہ گرادیتے ہیں اور یہی کام کھڑی بولی کی نشانی ہے جیسےنہیں کی جگہ نئیں، اورکہاں کی ہ کا غیر واضح بولنا وغیرہ۔

☆امدادی افعال

ہریانوی کے امدادی افعال ''سُوں، سے، سیں، ہوں'' ہیں مثال کے طور پر میں جاؤں سوں، تیں جاوے سے، کٹھے جاوے سے؟ وغیرہ

☆ ہریانوی میں ''ش'' کی بجائے ''س'' عام بولا جاتا ہے اور ''خ'' کی جگہ کھ'' ادا کیا جاتا ہے۔ جیسے شربت کی بجائے سربت، شمش الدین کی بجائے سمس الدین، خاص کی بجائے ''کھاس'' وغیرہ۔ ''گنگ کوی بھاٹ'' نے اپنی کتاب ''چد چھند برنن کی مہیما'' میں لکھا۔ ''اکبر ساہ جی عام کھاس میں تکھت اوپر براجمان ہو رہے، اور عام کھاس بھرنے لگانے ہے جس میں تمام اُمراء آئے۔ کورنش بجائے ، جہار کر کے اپنی اپنی بیٹھا ک پر بیٹھ جا یا کریں''۔ مندرجہ بالا مثال واضع کرتے ہے کہ'' شاہ'' کی بجائے'' ساہ''، '' خاص'' کو'' کھاس'' اور ''تخت'' کو'' تکھت'' لکھا گیا ہے۔ اسی طرح ''ز، ظ، ذ'' کی بجائے'' ج'' ادا کیا جاتا ہے۔ شیخ عبداللہ انصاری نے'' فقہ ہندی'' 1074ھ میں لکھی، اس میں بُرائی کی بجائے ''بورائی''، رکھّے کی جگہ ''راکھے''، ہڈی کی جگہ'' ہاڈ'' استعمال کیا۔ یہ 1826 کا عرصہ تھا جب ہریانہ میں خواتین کی تہجد میں کئے جانے والی ایک مناجات تذکرہ ہے جس کے بول یہ ہیں۔

جنت میں ایک روکھ سے جس کا ناؤ رمجان
اُس کے پتے کتے ؟؟؟ جتا ملک جہان
اُن پتیاں میں کے کے لکھیا۔۔۔ربی اللہ سبحان!!

اس مناجات میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ''رمضان'' کی جائے ''رمجان'' ادا کیا گیا ہے۔

☆ ہریانوی کے افعال اور الفاظ میں بہت تغیر پایا جاتا ہے۔ اس میں ایک ایک لفظ کے کئی متبادل موجود ہیں۔ مثال کے طور پر اردو لفظ ''کہاں'' کو مندرجہ ذیل الفاظ سے ادا کیا جاسکتا ہے۔ کت ، کتھوڑ ، کتھے ، کڑے ، کنگھے ، کھیاں، کتھوڑیاں

☆ اردو کے کئی حروفِ تہجی ہریانوی میں دکھائی نہیں دیتے جیسے کہ ''خ، ز، ذ، ظ، ف، ش''۔ کہ مسٹرای جوزف نے اس زبان کے ایک فرہنگ ، جنرل ایشیا ٹک سوسائٹی ، بنگال سے 1910 میں شائع کی ۔ سراج الدین آرزو کی '' غرائباللغات'' جو کہ اصل میں عبدالواسع ہانسوی کی ''غرائب اللغات'' کی زیادہ مستند، تصیح شدہ شکل تھی، اس زبان کی پہلی لغت کہی جاسکتی ہے۔ اس لغت میں جابجا ''ڑ'' کی بجائے ''ڈ'' کا استعمال نظر آتا ہے۔ ''ہانسوی'' نے 'ساڑھوں' کو' ساڈھو' کڑھی کو کڈھی'، 'جھاڑ' کو' جھاڈ'، 'مسوڑھے' کو 'مسوڈھا' لکھا ہے جو ہریانوی کا لہجہ ہے۔ س طرح ہ شیخ محبوب عالم کی مندرجہ ذیل تصانیف اہمیت کی حامل ہیں۔ 1. محشر نامہ 2. مسائلِ ہندی 3. درد نامہ 4. دھیر نامہ بی بی فاطمہ خاتون محشر نامہ میں '' لاگا، ماٹی، راکھوں، ہاڈ'' جیسے الفاظ عام ہیں۔ اسی طرح اکرم

رہتکی کی تصنیف'' تیرہ ماسہ''، شاہ عبدالحکیم کی ' خواب نامہ پیغمبر' اور'' جہیز نامہ''، غلام حسین چشتی کی '' راگ مالا''، شاہ غلام حیدر جیلانی رہتکی کی '' شرح فارسی چو پایہا'' اہم تصانیف درج ذیل ہیں۔ 1. آخری گت 2. بلبل باغِ محمد 3. رنگیلی 4. عقائدِ عظیم 5. نصیحت نامہ 6. وصیت نامہ 7. قصیدہ امالی کا ہریانوی ترجمہ و تشریح 8. فتاویٰ محمد 9. رسالہ رمضانی 10. رسالہ برق لامع 11. رسالہ درو افضل گرونانک میں کلام میں پنجابی کے ساتھ ہریانوی یعنی کھڑی بولی کے الفاظ بھی ملتے ہیں۔ گروگرنتھ صاحب میں عربی، فارسی الفاظ بھی بکثرت موجود ہیں اور اِ میں زبان کی شکل وصورت ملتی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے اپنے نظریات کی تبلیغ و اشاعت کے لیے اس زبان کا سہارا بھی لیا ہے۔ گروگرنتھ صاحب میں گرونانک نے پیر پیکا مبر (پیغامبر)، سہید (شہید)، سیکھ مسائک (شیخ مشائخ) کاجی (قاضی)، دورویس رسید(درویش رشید)، مسیت مسجد) سدک (صدق)، ھک ھلال (حق حلال) کران (قرآن) سرم (شرم) روجہ (روزہ)، کابا(کعبہ)، نواج (نماز)، تسبہیہ (تسبیح) جیسے الفاظ استعمال کئے جس سے ان کے کلام میں ہریانوی ا رنگ جھلکتا ہے۔ منشی فیض الدین اپنی تصنیف'' بزمِ آخر''، مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور، میں لکھتے ہیں'' اچھی، یہ لال کپڑے تو نادرشاہ کا حکم ہے مگر کم بخت یہ مہندی اور مسّی کی دھڑی جمائے بغیر کیا ان سرتی تھی''''سرتی'' ہریانوی لفظ ہے۔

پیارے لال آشوب اپنی کتاب'' رسوم ہند'' مطبوعہ مجلس ترقی ادب لاہور میں لکھتے ہیں۔'' اس کے تھوڑی دیر بعد گیانی چند نے کہا، لے چوہدری ، چل بنگلے میں، سب ہماری باٹ دیکھتے ہوں گے۔'' پیارے لعل ایک جگہ لکھتے ہیں'' میں تو گھنے دن سے تیری باٹ دیکھ رہی تھی، اب مجھے مرجانے کا تو کچھ فکر نہیں'' فف رسوم ہند کا ہی ایک اور جملہ دیکھئے'' اری چھوری، اُٹھ، آگ بال کر روٹی پولے'' خواجہ بندہ نواز، گیسودراز '' معراج العاشقین'' میں لکھتے ہیں۔ اے محمد پیو اور تھاری امت کو بھی پیلاؤ معروف ماہر لسانیت'' پنڈت برج موہن دتا تریہ کیفی'' نے اپنی تصنیف'' کیفیہ'' میں ص ۱۹ پر ایک خط درج کیا ہے جو کہ مہارانی پرتھابائی نے اپنے بیٹے رتن سنگھ کونرائن کی آخری لڑائی 1192 کے بعد لکھا اور چتوڑ گڑھ سے بھیجا گیا، یہ پرتھوی راج کی موت کے متعلق ہے۔ اس خط میں'' راکھنا'' پاچھے، مھارا، تھاں سو، کدی'' کے الفاظ ہریانوی رنگ کو ظاہر کرتے ہیں۔ کرنل مہدی حسن راؤ اپنی تصنیف'' گاؤں کی گوری'' میں لکھتے ہیں کہ'' پیر، بانیا، پولیس، ڈریور کسے کے پیارے'' راؤ رحمت علی مرحوم کی ہریانی سے محبت کسی سے پوشیدہ نہیں، ہریانوی کی افسانوں پر مبنی واحد تصنیف'' مراڑ'' انہی کی تخلیق ہے، جس کی ایک ایک سطر ہریانوی رنگ میں ڈھلی ہے، اس میں گیارہ افسانے ان کے اپنے لکھے جب کہ تین ترجمہ شدہ ہیں۔ اسی طرح والدِ محترم، کنور نثار احمد مرحوم کی'' انمول رتن'' ہریانوی دوہوں اور ضرب المثال پر مشتمل ہے، ان کی ایک اور تخلیق'' پھر ساون آیا رے'' ساون کے موسم میں ہریانوی رسوم اور ہریانوی گیتوں پر مشتمل ہے ڈانوراں ضلع لودہراں سے کشور لودھراں شاعری پر اپنا مجموعہ'' بڈھے ہوگے ہون تے پہلے'' لا چکے ہیں، ڈانوراں کے ہی ایک اور سپوت'' صابر علی صابر'' NCBA بہاولپور سے'' اردو دوہا نگاری اور ہریانوی کا لفظی اشتراک'' کے عنوان پر ایم

نوھرہ

فل کا تھیسس مکمل کر چکے ہیں۔دوہا نگاری میں ہریانوی رنگ کو ایک نمایاں مقام حاصل ہے،دوہا ہریانوی کے بغیر ادھورا اور پھیکا ہے جس کا ثبوت ذیل میں دیکھا جا سکتا ہے۔

اے بھّین تر اجھلسا چہرہ ان کے رنگ بڑھائے

اے بھّین تری اپنی عورت دوجے کے گھر جائے

(عالی)

بڑھ جائے جو باپ سے،ایسا پوت سپوت

بڑے باپ کالاڈلا،رہے اُوت کا اُوت

(خواجہ دل محمد دل)

ہر ہر سانس میں جیون ڈوری چھوٹی ہوتی جائے

مانس کتنا بھولا جناور،کل کی آس لگائے

(پرتو روہیلہ۔۔۔۔۔رین اجیارا)

ماٹی کا تو جایا پالا،ماٹی تیری ذات

مٹھی بھر ماٹی کے پُتلے،تیری کیا اوقات

(سمپورن،مشتاق عاجز،مثال پبلشرز فیصل آباد،۲۰۱۱ء ص۳۳)

تکڑی تولی لالچ کی اور جھوٹ کے رکھے باٹ

لالہ جی پرلوک سدھارے تالالا گا گھاٹ

لوبھ جگت کی پھرے اڑائے جانے کِت کِت اور

جِت جائے جِت چِنتا رکھنا راہ تکت ہے گور

بیٹھیں،دم لیں چار پل،سمے کہاں ججمان

جیون بھاری قرض ہے،سانس سانس بھگتان

(ظفر گورکھپوری۔۔۔۔۔۔مٹی کو ہنسانا ہے)

میں گیلی لکڑی سکھی،پوچھ نہ میرے بھاگ

بھیتر بھیتر جل مروں،دھواں دکھے نہ آگ

پوری،حلوہ،گلگلے دیوے تو پکوان

کھانے میرے دیس کے اللہ تیری شان

(پریم رس،طاہر سعید ہارون،ڈاکٹر،ص ۳۹/۴۰)

سائکل خود کھل جائے گی،میرا نام تو لے

میرا نام ہے ایکتا،مجھ سے کام تو لے

(اردو دوہے،ایک تنقیدی جائزہ،غازی پوری،ظہیر،ایم آر آفسیٹ پرنٹرز، دہلی۔۲۰۰۵)

دیوے سے بل اٹھیں سیں،روشن ہووے شام

دل کے بھیتر چاندنا،چھوری تیرا نام

(احمد سجاد بابار،ماہنامہ الحمراء لاہور،جون ۲۰۱۷)

اما تارو گُلگلے،بینہ کا چھایا زور

گُھگی بیٹھی آلھنے،جنگل ناچے مور

ضرورت اس امر کی ہے کہ ہریانوی زبان کے مفصل قواعد،املاء،اصول وضوابط ضبطِ تحریر میں لائے جائیں،اس کا لٹریچر شائع کیا جائے اور یہ ہنگامی بنیادوں پر کیا جائے تاکہ سرکاری سطح پر قبولیت حاصل ہو۔

نوہرہ

تنقید

راؤ رحمت علی کے افسانوی مجموعہ 'مراڑ'' کا تنقیدی جائزہ

نجمہ عثمان

ہریانوی زبان کی تاریخ اردو زبان تھے گھنی ءپرانی سے یوں کہواں کہ پرانے وقتاں میں لکھیا جان آلا گھنا ادب ہریانوی زبان میں ء موجود سے تو بات اس واسطے غلط کونی ہوسکدی کہ اردو زبان کے ابتدائی بخت میں جو مثنویاں، داستان، ہجویات، نثری کتب اور شاعری میں ہریانوی کے لفظ گھنی تعداد میں ملیں ہیں، ملا وجہی کی سب رس، بھگت کبیر، واجد علی شاہ کی ٹھمریاں، قطب مشتری اور اس کے علاوہ میر وسودا کے کلام میں بھی ہریانوی زبان کے الفاظ گھنے استعمال کرے گئے سیں۔ ہریانوی زبان میں ادب لکھن کا یوہ سلسلہ صرف قدیم دور میں ءکونی ختم ہو جاندا بلکہ پاکستان بنن کے بعد بھی اس زبان کے بولن آلے وقتاً فوقتاً طبع آزمائی کردے رہے انہیں تخلیق کاراں میں ایک بڑا نام راؤ رحمت علی کا بھی سے۔ راؤ رحمت علی نے ہریانوی ادب کی دنیا ایک افسانہ نگار کی حیثیت سے جانے سے۔ ان کا افسانوی مجموعہ ''مراڑ'' جب منظر عام پے آیا تو ہریانوی ادب کی دنیا میں اس نے گھنی پزیرائی ملی اس مجموعے میں گیارہ افسانے ان کے طبع زاد اور تین افسانے دوسری زبانوں سے ترجمہ کرے سیں۔ اپنے افسانوی مجموعے میں اپنی تاریخ پیدائش اور ابتدائی تعلیم کے بارے میں یوں لکھیں ہیں۔

''راؤ رحمت علی جون کی پہلی تاریخ 1928ء نے سینپل تحصیل وضلع رہتک ہریانہ میں نائب صوبیدار نذر علی کے گھر جنم لیا۔ پہلی پڑھائی اپنے گام کے پرائمری مندر سے کر کے مڈل سکول کیلنگر ضلع روہتک سے 1944ء میں پاس کرا۔''

آگے چال کے اپنے بچپن کے بارے میں لکھیں سیں۔''

1947ء میں پاکستان بن گیا اور ہم سارے ہریانوی اپنا ایمان بچا کے پاکستان میں آگے ار سارے پاکستان میں بکھر گے اس سے نہ مھاری بولی اپنی رہی نہ مھاری کوئے ثقافت رہی۔ میں مندر میں ماسٹر بھرتی ہو گیا۔ برصغیر کی تقسیم کے بخت لاکھاں کروڑ الوگاں نے ہجرت کری اپنا گھر بار اپنی جنم بھومی اور ویں گلی جن میں کھیلدے کوددے لوگ بالک سے بوڑھے ہو گئے تھے چھوڑ کہ آنا آسان کونی ہوندا، یوءوجہ سے کہ جن لوگاں نے ہجرت کری ویں اللہ اور اس کے رسولؐ واسطے اپنے وطناں نے چھوڑ کے تو آگے پر اس ماٹی کی خوشبو نے کدے بھول کونی سکے۔ راؤ رحمت علی کا شمار بھی انہیں لوگاں میں ہووے سے جن کے سانساں میں اپنے دیس کی بورچ بس ری تھی راؤ رحمت علی کی اپنے وطن اور اپنی ثقافت سے محبت کے بارے میں

فرہنگ:۔ ☆لفج: لفظ ☆ کیری: شیدائی ☆ ساجھا: اکٹھا ☆ کینی: کی طرف ☆ ریت: رسم ☆ گجرن: گزرنے

نوھرہ

نثار احمد ایڈووکیٹ لکھیں سیں۔

''بابا ہریانوی زبان کا پاکستان میں گرو سے پر بابا نے آج تک چیلہ کوئی نہیں بنایا۔ کوئی گنی سے کیونکہ گن کی حد کونی ہوندی۔ بابا ہریانوی ادب کا کیری سے۔ ادب جگت کا ساجھا ہو سے۔ ماما ہوتو اسی بڑھیا کتاب لکھی جاوے سے۔ اس کتاب میں شامل افساناں کے موضوع بھی ہجرت کے بعد لکھے گئے موضوعات سے الگ کونی سنتالیس میں پاکستان کا ہنی ہجرت کرن آلے لاکھاں لوگاں میں راؤ رحمت علی بھی شامل تھا جو اپنا گھر بار، گلی کوچے، اپنا دیس، کھیت کیار سب کچھ چھوڑ چھاڑ کے پاکستان آ گئے تھے، اور اپنے گیل ہریانوی ماٹی تمدنی، لسانی اور علاقائی ریت رواج لیائے تھے۔ یوہ وجہ سے کہ برسا برس گجرن کے باوجود راؤ رحمت علی کے افساناں میں کوے اجنبیت محسوس کونی ہوندی اربات بی ٹھیک سے ایک وا مانس جس نے اپنی نجراں سے اپنا دیس رچ دا بس دا دیکھیا ہو اور ایک وا جس نے گام گلیاں کی، پیار آ درکی باتاں صرف سنی ہوں برابر کیونکر ہوسکیں سیں۔ جناب عبدالحکیم رانا بیٹا نوی راؤ رحمت علی کے براہِ راست تجربے کے بارے میں یوں لکھیں سیں:

''یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ دید اور شنیدہ کے درمیان بعد المشرقین ہوا کرتا ہے لہٰذا وہ شخص جس نے آرائش نگار خانہ کے بارے میں محض سنا ہو اس شخص کے برابر نہیں ہوسکتا جس نے اس نگار خانے کا بذات خود نظارہ کیا ہو۔'

زیر بحث کتاب میں راؤ رحمت علی نے چھوٹی چھوٹی کہانیاں کی صورت میں وہ بہترین موضوعات بیان کرے ہیں جن نے پڑھ کے ہریانوی ادب کا قاری نا صرف اس وقت کے سماجی، تہذیبی بلکہ ہریانوی زبان و ادب سے بھی واقفیت حاصل کرے سے اور یہ نھ ساری کہانی افسانے کے معیار پے بھی پورا اتریں سیں۔ اختصار بھی لکھن آلے کی علمی حیثیت نے سامنے لیا آوے سے ''مراڑ'' میں رحمت علی نے جس طرح مختصر کہانیاں کے اندر اختصار سے اپنی بات کردے ہوئے جامع موضوعات کا احاطہ کر یا سے وا کسے عام تخلیق کار کے بس کی بات کونی۔ کتاب کے اندر شامل پہلے افسانے ''مراڑ'' میں رضیہ کا کردار صرف رحمت علی کے افسانے کا نہیں بلکہ اس معاشرے کا زندہ جاگدا کردار سے مھارے اردگرد گھنی تعداد میں اسے لوگ پائے جاویں ہیں جو اپنی عجت نے بچاندے بچاندے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں سیں۔ اس بے رحم معاشرے میں جے کوئی بھلا مانس کسے کی مدد کرن کے بارے میں سوچ بھی لیوے تو زمانے کی ٹھوکر کھایا ہو یا بے چارہ آدمی یقینی ار بے یقینی کی کیفیت میں ء مارا جاوے سے کتاب میں شامل دوسرا افسانہ ''تمنا'' بھی یوں کہواں کے ایک میاں کی نہیں بلکہ گھر گھر کی کہانی سے تو اس واسطے غلط کونی ہووے کہ اس معاشرے میں لوگائی کی اپنی کوئی حثیت کونی یوہ وجہ سے کہ انسان سے عجت نے بغیر کرن

فرہنگ:۔ ☆ مانس: انسان ☆ لکھت: تحریر ☆ امبر: آسمان

کی بجائے عجت کا سنمبل اس دوغلے معاشرے میں لوگائیاں نے ء سمجھا جاوے سے ۔ بیاہ کے بعد چھورے چھوری کا پیدا ہونا سب خدا کی کرنی ہووے سے پر نھئیں اُرے بھی چھوری کی پیدائش پے لگائی نے مجرم مانا جاوے سے اور طعنے تشنے دے دے کے اس کا کالجہ چھالنی کرا جاوے سے افسانے ''تمنا'' میں سے ایک اقتباس حاضر سے: دو چار سال پاچھے مریاں کی ماں بی مرگئی فیر تو ساس نندا ں کی کھلی چھٹی ہوگی ایک مریاں کے اولاد کونا ہوئی دوسرے ماں باپ مر گے تیسرا بھائی کونا تھا۔ کت جاندی ایک سسرے کا دم تھا۔''

راؤ رحمت علی ''مراڑ'' میں معاشرتی اور تہذیبی موضوعات پے لکھن کے گیل گیل اخلاقی موضوعات پے بھی طبع آزمائی کردے نجر آویں سیں۔ ان کے افسانے ''ایکا'' دوسرا بیاہ، سنجوگ، بھائی چارے کا جور اور مغالطہ اسے بات کے عکاس سیں۔ ان افساناں میں مصنف معاشرے میں پھیلی برائیاں اور ان نے دور کرن واسطے انسان نے کے طریقہ اپنانا چاہیے بہت اچھے سے بیان کریں سیں۔ رحمت علی نے اپنے افساناں کے موضوع کت ءامبر پار سے کونی لیئے یوء وجہ سے کہ ان کے افساناں کے کردار جیندے جاگدے کردار سیں جن میں انسانیت بھی زندہ ہے اور احساس بھی پر اس کے گیل گیل بشری کمزوریاں بھی پائی جاویں سیں اور یوء ایک اچھے افسانہ نگار کی خوبی سے کہ وا اپنی تخلیق میں اسے کردار دکھاوے جو معاشرے کے تمام کردار ہوں تاکہ لوگ اس نے پڑھ کے اوپرا محسوس نا کریں ۔اس کتاب میں شامل باقی افسانے جن میں، کرنی کا پھل۔ بچپن، پھول، لہو اور ایجاد کی ماں کے کردار بھی اس معاشرے کے کردار سیں ان افساناں میں راؤ رحمت علی جیندے جاگدے نے خوبیاں استعمال کری سے وا بہت سادہ اور آسان ہریانوی جبان سے ان افساناں نیں پڑھیدے ہوے ہریانوی جبان کے قاری نے کسے قسم کی کوئی مشکل پیش کونی آندی بلکہ وا تسلسل گیل پوری کتاب نیں پڑھدا چلا جاوے سے مصنف کا اسلوب اگر آسان ہو تو عام قاری نے بھی اس کی لکھت میں دلچسپی پیدا ہووے سے راؤ رحمت علی کا اسلوب بھی سادہ اور عام فہم سے مثال کے طور پے: ''میں سولاں برس کا تھا جد وا پیدا ہویا تھا۔ آٹھ سال ہم نے کٹھے کھیل کے بتائے تھے۔ وا منے ار میں اس نے جی جان تے پیار کراں تھے وہ چھوٹا تھا تو میں اپنے ہاتھاں تھے اس نے کھوایا پیایا کروں تھا وا اپنے ماں باپ گیل کم ار میرے گیل گھنا رہوے تھا'' ''بیراناں وا کون تھا۔ اللہ اس کا بھلا کرے۔ باپو چھڑ کا چھڑکن بار گیا تو منے سوچیا۔ بیاہ لگ تو میں ٹھیک ٹھاک ہوئی تھی۔ میرے بیاہ کے دناں میں گڈو کی طبعیت بھی ٹھیک تھی۔'' پاکستان میں راؤ رحمت علی نے سب سے پہلے افسانہ نگاری کا آغاز کریا اس واسطے آپاں رحمت علی ہریانوی زبان میں افسانے کی دنیا کا پریم چند کہواں تو غلط کونی ہووے کیونکہ پاکستان میں راؤ رحمت علی سے پہلے ہریانوی افسانے کی کوئی روایت کونی ملدی اور انہاں نے ہریانوی زبان میں افسانے لکھ کے ایک روایت چلا دی۔

فرہنگ:۔☆ مانس: انسان ☆ لکھت: تحریر ☆ امبر: آسمان

افسانہ

تیور

رانا تصویر احمد

کبوتر کی یاری چام چڑ گیل ہوگی۔دونواں کی سوچ نیاری نیاری۔

دونواں کا دن نیارا نیار۔ایک کا دن سورج ڈوبیاں پاچھے لکڑ دا تو دوسرے کا دن سورج لکڑیاں پاچھے۔پھیر بھی یاری چالدی رھئی۔دونوں اپنی اپنی تھار اڑے ہوئے تھے۔چام چڑ نے رات کی کالس دن کا چاندنا لاگے تھی ار کبوتر نے دکھے نھی تھا۔جد کبوتر اپنے ڈھی نے دن کا بیرا دیندا تو چام چڑ جماں ء ناٹ جاندا تو کبوتر کی جھنجلاہٹ دیکھن آلی ہوئے تھی۔روج روج کے میل ار کھیسا یھی تے کبوتر کی سمائی کا باسن بھر لیا تو ایک دن اس نے دھکے گیل چام چڑ کی آنکھ دن کے چاندنے میں کھول دی چام چڑ دھک رہ گیا۔اس کی آنکھ چُندھیا گی اتنا چاندنا؟ یو چاندنا ء سے کے؟ یوہ سے کے؟ اِسے چاندنے نے تو واہ جانے ء نھی تھا۔چاندنے کے کھن تے چوندھ پڑدے ء آنکھ تو مند ء گئی۔آنکھیاں کے گیل گیل اس کے جیبھ کے بھی تالا لاگ گیا۔جد اس نے آنکھ مُوندلی تھی تو بند آکھیاں میں بھی چاندنے کا ساگر بن بلایاں گھسیا آوے تھا۔

اُس نے ہمت کر کے اپنے پرانے ڈھی تے کہیا! یوہ کے سے؟ پھر دکھایئے! کبوتر کی اس حرکت سے چام چڑ اس کی بات مان گیا تھا یا مانن آلا تھا۔جد کوئے ہار مان کے تھاری بات پے آجے تو بھیتر نیاری ء اکڑ سماجے سے۔کبوتر بولیا کیوں نھی۔ار اس نے پھیر اپنے ڈھی کی آنکھاں کھول دی ایب کے اس نے آن آلا چاندنا دیکھن نے اپنا پورا ہانگا لا دیا اپنی آنکھاں پے۔اب کے اس نے اپنی آنکھ مندن نھی دیئی۔پر آنکھ کھلن پاچھے بھی چاندنے کے بکراں ساگر کے سیاھی دو گھڑی ء ٹکی ہوں گی۔یوہ کام مڑی مڑی ہان میں دو چار بر کریاں پاچھے چام چڑ نے یوہ دنیا مانئی ء پڑی۔نئی دنیا میں آنکھ تو کھل گی پر مونھ کے تالا لاگ گا۔

سوال گھنے تھے پر جواب دینیا بھی تیار ء بیٹھیا تھا۔چام چڑ بری ڈھال الجھ گیا تھا۔اس نے اسے رنگ کدے دیکھے ء کونیاں تھے۔دنیا اسی سے؟ ہریا، پیلا، لال رنگاں نے تو واہ کدے مان ء نہیں سکے تھا۔

اُس نے ویں ساری بیٹھک یاد آنویں تھی جد کبوتر لگا تار اس گیل ان رنگاں کی بات کریا کرتے تھا۔اک اس جگت میں لال تے ہٹ کے اور بھی گھنے رنگ سیں۔ار میں اتنا آندھا؟ کتنی کرڑائی گیل اپنی بات پے اڑیا رھیا۔اک دنیا میں لال رنگ تے سوا اور کوئے رنگ نھی سے۔کبوتر اُس نے کچھ کچھ سمجھے تھا اس نے چپ رہن میں ء بچت جانی۔دن چپن لاگ رھیا تھا۔گھنی وار ہولی تو چام چڑ نے سوچیا گھر چالناں چاہیے۔واہ کبوتر تے الگت مانگ کے اڈن لاگیا تو اس نے نیوں لاگیا جنوں اس کے پراں میں اُڈن کی آسنگ کوناں رھئی ہو واہ کرن لاگیا تو کبوتر نے سارھا دے دیا واہ پھیر اُڈن لاگ گیا گر دا پڑ دا گھر لگ آلیاں تو کبوتر اُلٹا چال پڑیا۔

فرہنگ:۔☆ گیل: ساتھ ☆ نیاری: الگ ☆ پاچھے: بعد ☆ تھار: جگہ ☆ ناٹ: انکار ☆ سمائی: برداشت ☆ جیبھ: زبان ☆ ہانگا: زور
☆ مڑی ہان: تھوڑی دیر ☆ ڈھال: کی طرح ☆ کرڑائی: سختی ☆ دن چھپنا: سورج غروب ہونا ☆ وانر: دیر ☆ آسنگ: ہمت

اپنی جگہ آ کے بھی چام چرڑ اسے میں اُلجھیا ہو یا تھا۔اس کے گھر کیاں نے پوچھ پرتیت کری ساری رات بران ہو کے اِب کت سے آیا سے ؟ہم نے بار بار کہہ لیا کبوتر گیل یاری تنے کتے کا نھی چھوڈّے گی۔ تنے سمجھ ء نھی آندی۔ سمو بدلن لاگ رھی سے تیں سوچدا نھی ۔ اسے اسے گھنے ءمہنے مل رہے تھے پر اس نے کیا ہیں کی نھی تھی واہ تو چاندنے میں اررنگاں میں کھو رھیا تھا گھر کیاں کی بات اس کے کاناں میں پڑی نھی۔ کچھ ءہان میں میں اس کے اورے دھورے بھا جا دوڑی ہون لاگ گی پراں کی پھر پھراہٹ اور سیٹیاں نے سن کے واہ سمجھ گیا اب سارے کھان پان ٹوہن جاوّیں گے۔ بھوکھ اسی ء ہو سے واہ ڈل کرن نے آپے تیار کر دے سے پر آج چام چرڑ نے بھوک تھی ء نھی واہ پہلاں کی ڈھال بے سدھ لٹکیا رھیا۔ چان چک اس کے گوتی بھائی نے آ کے دھمکایا کے سات سے دن چڑھ لیا تیں اب لگ سودے سے۔ لکڑ بارھ، ناں چاہندے ہوئے بھی واہ ان کے گیل چال پڑیا۔ بے دھیانی میں اڈدے ءسیامھی روکھ کے ڈالھے گیل جا ٹکرایا۔ ٹکر لا گدے ء ایک دم اسکی آنکھاں آگے جھما کہ سا ہو یا اس جھما کے نے دن میں جو کچھ ہو یا تھا سب یاد کرا دیا۔ یاد آندے ایک رُول اُس کے بھیتر تے اُٹھی۔

جی نے موس کے واہ پھیر اڈن لاگ گیا۔ ایب اس نے ڈھن لاگ گیا تھا۔ ایک دو پتنگے ماکھی ماچھر اس کے مونھ دھورے کو لکڑے تو اس نے اپنا جماندرو کام کرن نے مونھ کھولیا ار نگل گیا۔ پیٹ کے گیل گیل اس کا جی بھی بھر گیا تھا۔ اس نے اپنے گھر کانی کریا ار سوچاں میں ڈبکدا جس راہ آیا تھا اسے پہ چال پڑیا۔

آ سانے یوہ لال رنگ کی دنیا جماں ءپھیکی لاگ رہی تھی۔ اس کی اڈار نے سارے جانیں تھے۔ ار اس کے گیل کے دوسرے چام چرڑ اں نے مہنے دیا کریں تھے پر آج اس کی اڈار میں کمی تھی جد اس نے اس کا بیرا لا گیا تو اس نے آپا سنبھالیا اک اڈار کی یوہ کمی اس نے کتے کا نہیں چھوڈّے گی اپنی سوچاں میں جد واہ الٹا لٹکیا ہو یا تھا تو اس میں ایک ءبات گونج رھی تھی۔

تیور سمرڑ جے آنکھاں کا تو

لیلا ، پیلا ، لال برابر

اگلا دن لکڑیا تو کبوتر نے کڑائی گیل اپنا آپ کبوتر تھے ملن نے روک دیا ایک لام جو اس کے بھیتر چال رھی تھی کسے ڈھال سمرڑن میں ء نھی آرھی تھی۔ واہ اپنے بھیتر کی لڑائی ہار گیا پر اس کے بھیتر گھنی ء دبدھا اٹھ کھڑی ہوئی۔ واہ جان بوجھ کے کبوتر کی من مولین آلی باتاں نے یاد کرے تھا اور جھنجھلاوے تھا کئی بر اس نے یاد کریا اک کبوتر نے اسکے سر میں کوئے چوٹ تو نھی ماری تھی جس تے واہ جھما کا ہو یا ہو پر منے تو تین چار بر آنکھ موند کھول کے دیکھیا تھا انت اس نے اسے دبدھا میں سوچ لیا اک ایب کبوتر تے نھی ملے گے۔ اس بات نے ارے ءداب لے۔

واہ دن تو ٹھیک ٹھاک لکڑ گیا دن چھپاں پاچھے کے کام رھئے آج بھی لال رنگ پھیکا لاگ رھیا تھا ساچی باتے کِتے جی ءنھی لاگ رھیا تھا پھیر بھی چار چرڑ آج پورے دھیان گیل اُڈاری میں تھا جاہیں تے واہ آج اور اڈن آلیاں کے مونھ کا نوالہ بھی کھوس لے تھا۔ ایک بوڈّھا چام چرڑ اس چھورٹ کی حرکتاں نے دیکھ رھیا تھا اس نے اس چھورٹ کی ساری تکھائی جھوٹھی دِکھے تھی۔ پھیر بھی واہ کے بول نھی رھیا تھا۔ جد بھوک ءمر جے تو اڈن کا کارن ءنھی رھندا سب لوگ اپنے اپنے ٹھکانے کانّی چال پڑے۔ جد واہ اپنے ٹھکانے پے آیا تو ایک بمار چار چرڑ نے اس تے بھتایا اک اس کا ڈھبی کبوتر اس نے پوچھن آیا تھا۔ اس نے سنیاء نھی کبوتر کا نیوں آنا اس نے آچھا نھی لاگیا

فرہنگ:۔☆سمو: رُت ☆اورے دھورے: آس پاس ☆ چان چک: اچانک ☆لکڑ بارھ: باہر نکل ☆ سیامھی : سامنے

☆جی نے موس کے: دل کو سمجھانا ☆مہنے : تانے ☆ تیور: روشنی ☆سمرڑ: سمٹ ☆ موند: بند☆ کھوس: چھیننا

تھا۔واہ اور پکا ہو گیا اک اب کبوتر تے گھاٹ ءملنا سے۔

میں بھلا اپنے پُرکھیاں کے ریت رواج نے کیو کر چھوڑ یوں۔ رات نے دن اور دن نے رات کیو کر کہ دیوں۔اس میں پورا ہپھتہ جالیا۔اس بات کا اتنا اثر تو ہو یا اک واہ اپنے گوتیاں کے اور بی نیڑے ہو گیا ۔گوت سے نیارا ہون کا ڈر اس کے بھیتر گھر کر گیا تھا جد ڈر تھارے سر پے چڈھن لاگ جے تو سوچ ار سمجھ بوجھ سب لھک جیں سیں۔ڈر ٹھاڈا ہو جے سے پھیر ڈرا جاگرتی میں لام لاگ جے سے۔ڈرار جاگرتی میں گھنی ءبر جیت ڈر کی ءہو سے۔جد ڈر جیت جے سے تو ایک ترک بھی ٹوہ لے سے پھر سارا جیون اسے ترک کے تلے کٹ جے سے تھوڑے سمے کی جاگرتی بھرم بن کے رہ جے سے ار سمے کا پہیہ انت میں اس نے ریت کا ڈھیر بنا دے سے۔

اسے ڈھال گھنے دن لنگھ گے چام چرڑ نے اس دن آلی بات جماں ءبھلا دی تھی بوڈھا چام چرڑ بھیتر ءبھیتر مر کے تو تھا پر بولے کچھ نھی تھا۔ بات تو وہ اس دن بھی ناں کروا پر اس دن واہ اس نے دیکھ رھیا تھا اک واہ تھا رات دن تے چپ چاپ سے بے دھیانی میں جی رھیا سے۔بے دھیانی میں جینا بھی بکھا سے۔بے دھیانی میں مانس اپنے آپ نے بھی بھول جے سے۔ کسے سے لینا ناں دینا پر اورے دھورے کے رھنیاں میں تو بات کسے ناں کسے مونھ پے آءجا سے۔گھنکھری برمونھ کولنیاں ایک ءبات پوچھے۔سب ٹھیک تو سے ار یوہ سوال سنن آلے پے سانٹا بن کے برسے سے یوہ ءبوڈھے چام چرڑ گیل ہو یا۔اس کا تجربہ،عمر اس نے اس سوال تے کرڑائی گیل بر جے تھی۔واہ یوہ بات کر دا بھی نھی پر جد اس کے مونھ تے لکڑ گی جد اس نے بیرا لا گیا اک یوہ ساری فطرت کی کارستانی سے۔فطرت نام ءاس کا سے جوان چاہے سوال بھی کروا دے سے۔ار اسے ان چاہے سوالاں تے جاگرتی دوگنی ہو جے سے سیامھی آلا کہہ دے ”کچھ نھی“ اس کچھ نھی نے سب کے دھندلا کر دیا پر اس نے تو لی ءآپا سنبھال لیا ار اپنے گوتیاں میں مگن ہو گیا۔کچھ دن اور لکڑ گئے۔اس پاچھے اس بارے میں کسے تے کوئے بات ناں ہوئی اس کے ڈر کی دنیا اس پے پوری پوری چھا گئی تھی۔واہ چاند نے آلی بات ایک سپنا بن کے رہ گئی تھی اس کی چھوٹّی سے چھوٹّی بات بھی اس کے من میں نھیں تھی۔اس بات نے اب یاد کرنا بھی چاہندا تو کچھ بھی یاد نھی آنا تھا۔

اس روٹین میں واہ اپنی اڈار میں کھویا ہو یا تھا چان چک کسے پنچھی سے ٹکر ہو گئی ٹکر اندای اس نے بیرا لاگ گیا اک چان چک سیامھی آنیا آندھا سے اس نے اڈار کے نیم کا بیرا ءنھی سے گھنے چھوہ میں آ کے اس نے دھورے گرن آلے تھے دھکا دیا ار بولیا دکھدا کو نیاں۔اڈ ناں نھی آندا تو کتے اور جا کے ٹکر مار۔پر یوہ کہیاں پاچھے اس نے بیرا لا گیا یوہ تو اس کا ڈھبی کبوتر سے ار اس کے تو گھنی ءچوٹ لاگ رھی سے واہ سب کے بھول کے اس کی دیکھ ریکھ میں لاگ گیا دھورے تے واھے بوڈھا چام چرڑ لنگھیا تو اس نے دیکھا وا چھورٹ کسے اور گیل گھل رھیا سے تو واہ بھی رک گیا۔دونواں نے کبوتر تے سودھی میں لیان کا چارا کر یا پر سب بے کار رھیا۔واہ سمجھ گیا تھا اک اس کے کاندھیاں کی ابھری ہوی نوک اس کے ڈھبی نے گھایل کر گی اس بات نے واہ اور بھی پچی ہو گیا۔پچی ہون کے مارے کبوتر نے چھوڑ نا نھی چاہوے تھا۔بوڈھے چام چرڑ نے اس تے کہیا تیں ارے رک اپنے پر پانی میں بھے کے اس پے گیرے جا یوہ گھایل ہو گیا سے ار اس کے تاپ چڈھ رھیا سے میں جاں سوں اچھا سے تیں بی لکڑ لے۔

اس نے کچھ وار لگ تو کبوتر کی دیکھ بھال کری پھیر رات ہون لاگ گی واہ اس دبدھا میں تھا اک اب ک کروں پھیر اس نے سوچیا ءکبوتر کونسا سودھی میں سے میں بھی لکڑ لیوں سوں گھنی ءایڑھاں تے گوت میں سا کھ ٹھیک ہوری سے اس نے کے بیرا لا گے گا کس گیل ٹکر ہوئی تھی ار کون اس کید یکھ

فرہنگ:۔☆ بھیتر: اندر☆ مر کے: تڑپنا☆ سانٹا: چابک☆ ڈھبی: دوست☆ گھلنا: لڑائی☆ گھایل: زخمی☆ تاپ: بخار

بھال کردار ھیا جتنا اس نے کردیا اتناء ہوکرے یاری میں یوہ سوچ کے اس نے ایک اڈاری لئی اڈاری پوری ہوندے ئے واہ پھیر پچی ہوگیا ار اب وا اتنا پچی ہو یا اک اس کے ڈر کا بت چکنا چور ہو گیا۔ وا بھاج کے پھیرا اپنے ڈھبی دھورے آ گیا آندے بے سدھ پڑے ڈھبی کے گات تے لپٹ کے رو پڑیا۔ آنجھواں کا روڑھ میں بہ گیا ایک تو آنجھو و ینھ بھی چام چرڑ کے آنجھو؟ اسے پنچھی کے آنجھو جس کی آنکھیا کی پوتلی سدا ٹکی ءرھیں سیں۔ بیراناں کتنی وار لگ واہ اس کے دھورے رھیا ار کد آنکھ لاگ گی سارا ڈر آنجھواں میں بہہ گیا اسی تو کوئے بات بھی نھی تھی۔ بیراناں کیوں آنکھیاں میں آنجھو آگے۔ بیراناں کیوں واہ اس رو میں بہہ گیا۔ اب سودھی آیا پاچھے چام چرڑ نے یا ہے بات ستا رھی تھی اک نیوں اتنا رون کی کے پڑی تھی اچھا ہو یا کسے نیں دیکھیا نی کوئے دیکھ لیندا تو کے کہندا چام چرڑاں کے بے حس ہونا تو سدھ سے ہر کھ کا مھارے کے کام؟

مانساں نے تو بنا بات رون کے بھانے ٹوہ را کھے سیں۔ مھارا رون بن داءنھی اب اس نے آپا پوری ڈھال سنبھال لیا تھا۔ کبوتر بھی کسمسان لاگ رھیا تھا کبوتر نے جاگدے ئے پوچھا میں کون سوں؟ کت سوں؟ ان ءباتاں میں کچھ سمے لکڑ گیا چام چرڑ نے بھتایا کالھ تیں بے دھیانی میں اڈ رھیا تھا چان چک ٹکرا گیا ار بے سدھ ہو گیا تھا اب تیں ٹھیک سے اب منے جان دے میں جاں سوں رات ہون آلی سے۔ جد یوہ بات کری تو اس نے یاد آیا میں تو سارا دن اپنے گوتیاں گیل تھا۔ اس نے پچھلے دن کی ساری ءبات یاد آ گی تھی۔ دن پاچھے تو رات ہونی تھی دن پاچھے پھیر دن کیوکر ہو گیا۔ دن بھی اتنا چمکیلا؟ واہ چاندنا واہے رنگ واہے آر جار۔ سب کمے بھول کے واہ اورے دھورے میں کھو گیا۔ گھوم گھوم کے چاروں کانی دیکھن لاگ گیا۔ اب س کے چوندھے نھی لاگیں تھے دن تھا یا رات تھی؟

اب اس میں چاندنا سہن کی گھنی ءآسنگ آ گی تھی۔ جنو دو پھیریاں میں تھم سوئے ہوا ر جد آنکھ کھلے تو لاگے جنو ابے دن لکڑیا ہو۔ ابے ترڑ کا ہو یا ہو۔ اس ٹیم مانس کی نیاری ءحالت ہو سے۔ مانس اس بات نے مان کے اڑجے سے اک دن لکڑیا سے چاہے سارے گھر کے کہندے ہوں۔ اک رات ہو رھی سے۔ کچھ اساء حال چام چرڑ کا بھی تھا کبوتر جاگ لیا تھا دونوں چال پڑے۔ پرانی باتاں پے پرانی یاداں پے آچھی گپ ہوندی رھی۔ چام چرڑ نے اپنا ہر کھ سنبھال لیا تھا۔ اب کے واہ اپنی آچرتا کبوتر نے نھی دکھانا چاہوے تھا۔ جس مں واہ کامیاب رھیا۔ اب واہ چاندنے کا عادی ہو گیا تھا۔ مڑی ءہان میں دونوں ڈھبی نیارے ہو گے۔

گابھرو چام چرڑ جد اپنی تھار پے جالیا۔ گھر کیاں کی ڈاٹ پاٹ تے نمٹ کے اپنے ایکلے کونے میں جا بیٹھا۔ کبوتر پے اس نے کچھ نھی کھلن دیا۔ بھیتر کے سوال تو اس نے آپے سدھ کرنے تھے۔ پہلی بار اتنا بڑا بیت اس نے تھیایا تھا۔ جس نے واہ رات سمجھدا رھیا اصل میں واہ دن سے۔ ار جس نے دن جان کے واہ ار اس کے گام گوت آلے کھان پان ٹوھن جانویں تھے اصل میں واہ رات سے۔ یو کمے چھوٹا بھیت نھی جو آج پھیر اس کے سیامھی کھل گیا تھا پر واہ اس پے بات کسے تے نھی کر سکے تھا۔ ساچی بات تو یوہ سے واہ اس دن کی ساری چھل پھل نے جھوٹ کا بادل سمجھے تھا۔ یا اپنے بھیتر کا کلھیا جانے تھا۔ کیرا نیند پوری نھی ہوئی تھی جا ھیں تے میرے من کا تول بگڑ رھیا سے۔ اسے دبدھا میں سمے پار ہو یا۔ اس کے جن جان کا دن چمکیا۔ سارے گیلڑ یئے کھان پان ٹوھن چال پڑے۔ واہ بھی جو موس کے گیل ہو لیا۔ کچھ سمے پاچھے سارے اپنے ٹھکانیاں پے آ گے۔ چاندنے کا بھیت بس اس کے ءمن میں تھا۔ اس نے کسے تے بھنک نھی ہون دیئی۔ اس بیچ اس نے

فرہنگ:۔☆ گت: گلے ☆ روڑھ: ریلا ☆ سودھی: ہوش ☆ کسمسان: شش و پنج ☆ نمٹ: فارغ ☆ سدھ: سمجھ

نوہرہ

سدھ کر لیا تھا اک یوہ بات دو بر ہولی دونوں بر کبوتر گیل تھا۔اب کے میں آپ کر کے دیکھوں گا۔آج تو میں سدھ کر کے رہوں گا آج تو میں دن ار رات کی ٹھاوٹوہ کے ءرہوں گا۔پوری جن جاتی سب کچھ چھوڈے کے سون کا سوچ رہی تھی پر یو گا بھرو آج ڈٹ کے تیار تھا اک آج اس کائنات کا بھیت آپ کھولوں گا۔

سے بدلیا دن رات میں بدلن آلا تھا اس گا بھرو نے پہلاں ءاپنا ٹھکانا اسی تھار بنایا تھا واہ بارھ کی دنیا ار بھیتر کی دنیا آچھی ڈھال دیکھ سکے تھا۔جد رات کی چادر چیر کے دن لکڑھیا ہوسے یا جد دن کے چاندنی پے۔رات کا کالک بھاری پڑرہی ہوسے تو دونوں سے گھنے نرالے ہوسیں۔بڑے سے بڑا سمجھدار بھی اپنا من اپنے بس میں نہی راکھ سکدا۔اس کے بھیتر کی ان جانی دنیا میں ناں دکھن آلی کیڑی سی چالن لاگ جیں سیں۔بھیتر کی ان جانی دنیا بھی بڑی نرالی ہوسے کائنات کا بڑے سے بڑا منکر بھی اس سے بھیتر تے ڈگم ڈول ہو جے سے۔

آ بھرو جام چِڑ بھی ٹھیک اس سے ڈگم ڈولی میں پھنس رہیا تھا۔اس پے سمجھ تو تھی نہی جاہیں تے واہ اپنی حالت نے سمجھ نہی پا رھیا تھا۔پر بھیتر کی ادلا بدلی سیاں ھی کے مالیاں میں بدلاؤ تو لیا نویں سیں۔جیو کر متلی، چکر من چالنا ان ساری حالتاں نے پکڑ میں لیا کے اڑیا ہویا تھا۔چاہے کچھ ہو جے منے دن ار رات کا انتر ٹوہنا ءسے ان ءسوچاں میں چاندنا دکھن لاگ گیا۔جی کا گھبرانا ار متلی ایک دم گھنی ہون لاگ گی۔جیو کر جیو کر چاندنا بڑھدا جار ھیا تھا، گا بھرو نے اپنا گات سنبھالنا اوکڑھا ہوندا جار ھیا تھا۔اس کے بھیتر چالن آلے ستام میں بادھا ہوندا جار ھیا تھا۔انت دن لکڑ آیا چاروں کانی چاندنا پھیل گیا تھا۔دوسرے کانی آ بھرو جام چِڑ اورے دھورے رولا کرن لاگ رہے تھے ۔جد ان نے دیکھیا جیوے سے تو گھنکھرے الٹے چلے گئے۔کچھ کنبے کے دھورے رہ گے۔اس کی ماں دھورے ءبیٹھی تھی سب نے پوچھیا کے گیان سے تو اس نے کہیا واہ دوراتاں تے جماءنہی سو سکیا جاہیں تے بےسدھ ہو گیا تھا۔ساریاں نے اس کی بات سے تسلی ہوئی۔پھیر واھے روج کا دھندا چال پڑیا۔رات ار دن کا انتر اس نے آچھی ڈھال سمجھ لیا تھا۔یوہ بھیت اس نے پورا پورا من لیا تھا ہم جس نے صدیاں تے دن سمجھدے رہئے واہ رات سے دن تو میرے سوا کسے نے دیکھیا نہی۔یوہ بھیت اب اس کے من میں پکا جمیا ہویا تھا۔میرے جن جاتی کس ان سمجھی میں جی رہے سیں۔

اس بھیت نے جانیاں پاچھے بھی اس نے اپنے بھیتر اتنی ہمت نہی پاوے تھے جو کسے اور نے بھی اس میں رلا لے۔کبوتر تے پھیٹ ہوئے کئی دن لنگھ جیں تھے اب واہ رات ار دن میں آچھی ڈھال اڈاری مار سکے تھا۔اب واہ دونوں سے اڈن میں ماہر ہولیا تھا۔جد کوئے بڑا بھیت تھارے بھیتر پل رہیا ہو تو واہ بھیتر کی ادلا بدلی کی چال نے بدل دے سے۔سوچن کا سٹائل بدل جے سے۔کھاس کر اس سے جد تھم نے اس بات کا بیرا بھی ہو اک جو بھیت تھارے پے سے وا کسے پے نہی سے تو یوء بھاونا تھاری چال بھی بدل دے س۔ار بدلی ہوئی چال سے۔

جن جاتی نے بیرا پاٹ جے تو جنجاتی آنکھیاں ءآنکھیاں تے تھارے میں کچھ ٹوہن لاگ جے سے۔جام چِڑ کی جن جاتی نے بدلی ہوئی چال دیکھ لی گھنے ءسوال اٹھن لاگ گے تھے اک یوہ اب واہ کونی رہیا۔یوہ اب بدلدا جارھیا سے۔پر وءینھ اس تبدیلی نے کوئے بھی نام نہی دے سکیں تھے۔جن جاتی نے اس کا یوہ حل کاڈھیا اک دھورے رہنے گیانی کاگ نے بلا کے لیاؤ۔بھاج بھوج کے کاگ سے ملن کی بات کری پھیر رولا تو واہے تھا ملیا کس ٹیم جاوے؟ دن رات کے انتر نے ان کے جن جات دنیا تے کاٹ راکھی سے۔

گھنی ءاوڑھ تے جد دونوں ٹیم ملیں سیں اس ٹیم کاگ بلایا گیا جو

فرہنگ:۔☆ تھاہ: جگہ ☆ کیڑی: چیونٹی ☆ اوڑھا: مشکل ☆ جما: بالکل ☆ بھاج بھوج: بھاگ دوڑ ☆ کاگ: کوا ☆ انتر: تبدیلی

نوھرہ

دونوں سوکھے رینھ۔گا بھرو چام چرڑ کاگ دھورے ایکلا چھوڑ دیا۔تیسرے سوال پےء چام چرڑ نے بیرا پاٹ گیا اک واہ اس کے کام کا نھئیں سے۔اس کے سوال ار پوچھن کا ڈھنگ ہر اک بات،اس کی ہر بماری کی جڑ پیٹ کی گڑ بڑ ار بیٹ کا آنا ناں آنا بھتا رھیا تھا۔کاگ تے تو جیو کر تیو کر جان چھوٹی۔

بن بات کی اداسی ار تنہائی میں رہن کا علاج سمجھ میں نہ آیا تو ایک دن گا بھرو کے من میں آیا کیوں ناں موسی کوتری گیل بات کری جاوے ایک تو موسی لاگے سے دوسرا یوہ اک مھارے گیل ملدی جلدی سے۔مڑی ہان میں واہ قبرستان کے ایک روکھ پے کوتری دھورے پونچ گیا پر موسی کا دھورے رہینے جن تے مانس کہیا جاوے تھا۔ان تے موسی کوتری گھنیء تنگ تھی۔اک یںھ لوگ میرے بولن پے بھی روک لانویں سیں۔کدے تاڑی بجانویں سیں۔کدے اس روکھ پے ڈلے ماریں سیں جس پے میں بیٹھ جوں سوں کئی ڈھال کے رتے ماریں سیں جد لگ میں چپ ناں ہو جوں یںھ بھی چپ ناں کردے۔جد اس کے مہنے اررونے دھونے رکن میں ناں آئے تو گا بھرو نے الگت مانگی تو واہ بولی ڈٹ جا! میرے تو تیری باتء سمجھ نھی آئی میں تیرے گیل چالوں سوں تتنے تایا الو تے ملا دیوں میں بھی ارے رہ رہ کے تنگ آر ھی سوں۔پانی بدل ہو جے گا ان مانساں تے بھی پے نیں جا کے آچھی ڈھال بول لیوں گی۔پر یوہ دھیان را کھیے تایا الو گھنیء دورے رہوے سے۔گا بھرو چام چرڑ اپنی موسی گیل اڈلیا۔دونوں رات کے پنچھی تھیے گھنی وان لگ اڈیاں پاچھے۔ویںھ پانی پین نے رکے تو موسی نے رج کے پانی پیا رج کے کلکاری مارے جد اس کا سنگیت گھناء بدھ گیا تو آ بھرو نے سوچیا مانس موسی کے بارے میں ٹھیکء کہویں سیں۔بول تو جماںء بھونڈا لے رھی سے۔جد جی بھر کے کا کارولی مچالی تو پھیر اڈن لاگ گے ایک ندی کے کنارے روکھاں کی لار دکی اڈن میں گنیء ایڑھ ہو رھی تھی۔روکھاں کے سر آپس میں جڑے ہوئے تھے۔ان میں گھنے سواد لے پتنگے اڈ رھے تھے۔ان کا سواد بوہتء آچھا تھا اڈنا گھناء ایڑھا ہو رھیا تھا۔

ان روکھاں کی لار میں ایک بڈے روکھ پے موسی کی بریک لاگی۔ اس نے پھر واہے کلکاری ماری تو جواب میں گوں گوں سنائی دیئی آ بھرو نے اورے دھورے دیکھا کوئے نھی دکھیا۔مڑی ہان ٹھہر کے پھیر واوے گوں گوں سنی تو آ بھرو نے بیرا لاگ گیا اک یوہ گوں گوں کت سے آرھی سے۔موسی کے تایا جی موسی کوتری تے ڈیل ڈول میں بھی بڈے تھے ار سبھا میں بھی اورء تھے اس نے آنیاں کا نرولا نوٹس نھی لیا تو پھر چپ چھا گئی۔

